© rasailojaraid.com

ہیں۔ علم وفضل میں نابغہ، روزگار ہونے کے ساتھ سراپا جذبۂ وعمل، تقویٰ وطہارت کے پیکر اور داعی الی الحق بھی تھے، اس حیثیت سے ان کا سب سے بڑا عملی کارنامہ جامعۃ العلوم الاسلامیہ کا قیام ہے جس کے وہ بانی اور موسس تھے اور جو اپنی خاص نوعیت کے اعتبار سے پاکستان کے مدارس عربیہ میں ممتاز ونمایاں مرتبہ رکھتا ہے، مولانا کی وفات کے بعد جامعہ کے ماہنامہ بینات کی یہ اشاعت خاص مولانا کی یاد میں بڑی آب وتاب اور غایت درجہ اہتمام وانتظام سے شائع کی گئی ہے، اس میں مولانا کا خاندان، تعلیم وتربیت، درس وتدریس، تصنیف وتالیف۔ تحریر وتقریر۔ مختلف ملکی اور غیر ملکی اداروں سے تعلق، شعر وشاعری، سفر وحضر، دعوت وتبلیغ، مکاتیب وخطوط، ذاتی اخلاق وعادات، معمولات ومشاغل، اساتذہ، علمی اسناد، عملی خدمات، آل واولاد، ارباب علم کے تاثرات اور ان کا ماتم، غرض کہ وہ سب کچھ ہے، مولانا سے متعلق جس کی جستجو کسی کو ہو سکتی ہے، یہ نمبر مولانا سے متعلق ایک اہم تاریخی دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے"

تیسری اسلامی چوٹی کانفرنس اور عالم اسلام | سائز ۱۸×۲۲/۸ صفحات ۱۴۴، قیمت پندرہ روپے، پتہ: ۲۳۸۶، بلی ماران دہلی ۶

اپنے انداز اور اپنی نوعیت کا لاجواب مجموعہ جس کو "دارالعلم بلی ماران دہلی" نے دل آویز ودلکش طباعت کے ساتھ خاص اہتمام سے شائع کیا ہے، اس مجموعے میں نہ صرف تیسری اسلامی چوٹی کانفرنس (مکہ وطائف) کے ولولہ انگیز حالات اور ایمان افروز قراردادیں اور اسکیمیں احتیاط اور انتہائی نفاست کے ساتھ درج کی گئی ہیں بلکہ مکہ کانفرنس ۱۹۶۲ء، اور پہلی اسلامی چوٹی کانفرنس (رباط) اور دوسری اسلامی چوٹی کانفرنس (لاہور) کے ضروری حالات وکوائف بھی سلیقے سے یکجا کیے گئے ہیں، مجموعے کا آخری باب "عالم اسلام ایک نظر میں" بجائے خود ایک نہایت مفید اور مطالعے کے لائق ہے، اس باب میں تمام اسلامی مملکتوں، اور مسلم ریاستوں کے رقبوں، آبادیوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اور دیگر خصوصیات کا جامع خاکہ پیش کیا گیا ہے، اس مجموعے کی بہترین خصوصیت جس کو بعض حیثیتوں سے عدیم المثال کہا جا سکتا ہے یہ بھی ہے کہ اس میں "اسلامی چوٹی کانفرنس" کو تصویروں کے آئینے میں بڑے جماؤ اور رچاؤ کے ساتھ پیش کیا گیا ہے، ابتدا میں مولانا عبدالزماں صاحب ڈائرکٹر ادارہ دارالعلم کا مختصر اور جامع پیش لفظ ہے اور پھر رباط سے طائف تک (تجدید وفا) نہایت بصیرت افروز مضمون ہے جس میں دوسری باتوں کے علاوہ شاہ فیصل شہید کی تقریروں اور خطبوں کے ایسے اقتباسات دیے گئے ہیں جن کو پڑھ کر حرارتِ ایمانی میں جوش و ولولے کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے، واقعہ یہ ہے کہ "دارالعلم" نے یہ دل پسند اور گراں قدر تحفہ دے کر وقت کی ایک اہم ضرورت کو پورا کیا ہے۔ ادارہ نے عربی زبان میں بھی اسی موضوع پر ایک مکمل کتاب بعنوان "مؤتمر القمة الاسلامی الثالث والعالم الاسلامی" شائع کی ہے بعض مضامین جیسے "اعلان مکہ" اور "اختتامی اعلان وقرار دادیں" وغیرہ دونوں کتابوں میں مشترک ہیں۔ عربی زبان سے متوسط درجہ کی مناسبت رکھنے والے حضرات اردو اور عربی کتابوں کے مشترک مضامین کے تقابلی مطالعہ سے ترجمہ کا اسلوب سیکھنے کے علاوہ بہت سے عربی الفاظ و تعبیرات کے عصری مفاہیم و معانی کی تعیین میں بھی مدد لے سکتے ہیں۔ اس عربی مجموعہ کی قیمت دس روپے ہے۔ (ع)

© rasailojaraid.com